فوری ریلیز کے لیے: 2022/13/7 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے اوسویگو میں $26 ملین کی لاگت سے مخلوط استعمال والے سستے رہائشی ترقیاتی کاموں کی تکمیل کا اعلان کیا ہے

ہاربر ویو سکوائر کے ساتھ سابقہ صنعت کاری مقام میں 75 گھروں اور گراؤنڈ فلور کی کمرشل جگہ کا اضافہ ہو گیا ہے

یہ ترقیاتی کام شہر کے نئے ترقیاتی منصوبے کا حصہ ہے جس کو ریاست کے $10 ملین لاگت کے اندرون شہر کی احیائے نو کے اقدام کے ایوارڈ کی جانب سے فنڈ کیا گیا ہے

یہ سرمایہ کاری "CNY رائزنگ" کی تکمیل کرتی ہے - جو علاقے کی ایک جامع حکمتِ عملی ہے تاکہ کمیونٹیز کی احیائے نو کی جا سکے اور معیشت کو بڑھایا جا سکے

گورنر Kathy Hochul نے آج اندرون شہر اوسویگو میں $26.2 ملین کی لاگت سے مخلوط آمدنی کے، مخلوط استعمال والے رہائشی ترقیاتی کاموں کی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔ ہاربر ویو سکوائر میں 75 اپارٹمنٹس اور گراؤنڈ فلور کی 10,000 مربع فٹ سے زیادہ کمرشل جگہ شامل ہے۔ اس ترقیاتی کام نے دریائے اوسویگو اور اونٹاریو جھیل کے سنگم پر واقع شہر کے ملکیتی متروکہ مقام براؤن فیلڈ کی جگہ لی ہے۔ ہاربر ویو سکوائر، اندرون شہر اوسویگو کو اپنے ساحل سے جوڑتا ہے اور یہ اوسویگو کے اندرون شہر کی احیائے نو کے اقدام کا ایک ترجیحی پروجیکٹ ہے۔

"میری انتظامیہ کو رہائش کے ایک بحران کا سامنا ہے جس کے لئے اعلیٰ معیار کے سستے رہائشی ترقیاتی کام عمل میں لائے جا رہے ہیں جو رہائشیوں کی زندگیوں کو بہتر بنائیں اور زیادہ فعال کمیونٹیز کی راہیں ہموار کریں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "$26 ملین کا مخلوط استعمال والا یہ ترقیاتی کام پوری کمیونٹی کے لئے معیارِ زندگی کو بہتری کی جانب لے جائے گا، اوسویگو کے آنے والے معاشی مستقبل کو مضبوط خطوط پر استوار کرے گا، اور شہر کو ایک خاص ساحلی کمیونٹی کے طور پر اپنے بھرپور امکانات کو بروئے کار لانے میں مدد دے گا۔"

"ہاربر ویو سکوائر کی وجہ سے نیویارک کے مشکل حالات سے دوچار باشندوں کو اوسویگو کے اندرون شہر میں ایک ایسی جگہ میسر آئے گی جس کو وہ گھر کہہ سکیں گے،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "نیویارک کے DRI پروجیکٹس میں سے ایک کے طور پر، یہ مخلوط استعمال والا سستا رہائشی تعمیراتی کام، اوسویگو کمیونٹی کو اپنے ساحل سے ملا دے گا اور ایک سابقہ متروکہ املاک کو ایک نئی زندگی دیتے ہوئے اندرون شہر کو بہتر بنائے گا۔"

ہاربر ویو سکوائر سے گورنر Hochul کے ریاست بھر کے منصوبے کی تکمیل ہوتی ہے کہ رہائش کو زیادہ سستا، مساوی، اور پائیدار بنایا جائے۔ 2022-23 کے ریاستی بجٹ میں، گورنر نے کامیابی سے $25 ملین کا، ایک نیا پانچ سالہ، جامع رہائشی منصوبہ بنایا ہے جو نیویارک بھر میں 100,000 سستے گھروں کی تعمیر یا بحالی کرتے ہوئے رہائش کی گنجائش میں اضافہ کرے گا، جس میں زدپذیر آبادیوں کے لئے معاونتی خدمات والے 10,000 گھروں کے علاوہ، 50,000 اضافی گھروں کو بجلی کی فراہمی شامل ہے۔

شہر کے پورے بلاک پر محیط، ہاربر ویو سکوائر 57 اپارٹمنٹس اور 18 دو منزلہ شہری مکانات پر مشتمل ہے۔ اڑتالیس اپارٹمنٹس، علاقے کی اوسط آمدنی کے 60 فی صد یا اس سے کم کمانے والے گھرانوں کی دسترس میں ہیں۔ اٹھارہ اپارٹمنٹس، AMI کے 90 فی صد تک کمانے والے گھرانوں کی دسترس میں ہیں۔ نو اپارٹمنٹس کا کرایہ مارکیٹ کے نرخ کے مطابق ہے۔ ترقیاتی کاموں کے اندر، کسی جسمانی معذوری یا صدماتی ذہنی چوٹ والے افراد کے لئے سہولتوں سے مکمل آراستہ، قابلِ رسائی 11 اپارٹمنٹس موجود ہیں۔

رہائشی سہولتوں میں ایک فٹنس مرکز، بالاخانے، رہائشی لاؤنج، بائیک روم، اور کانفرنس روم شامل ہیں۔ ہاربر ویو سکوائر، اونٹاریو جھیل کے ساحلی کنارے، اندرون شہر کے قابلِ دید مقامات، پرچون فروش، اور ریستورانوں سے پیدل مسافت پر واقع ہے۔

ترقیاتی کاموں کا محلِ وقوع 68 ویسٹ فرسٹ سٹریٹ، فلیکسو وائر (Flexo Wire) کا سابقہ مسکن تھا، جو قومی سطح پر تاروں کے صنعت کار اور تقسیم کار ہیں۔ طویل عرصے سے غیر آباد پڑی رہنے والی املاک پر تعمیر سے قبل نیویارک کے براؤن فیڈ کلین اپ پروگرام (Brownfield Cleanup Program) کے تحت مرمت اور صفائی کا کام کیا گیا ہے۔ اس پروجیکٹ کے ڈویلپر ہاؤسنگ ویژنز (Housing Visions) ہیں۔

ہاربر ویو سکوائر کے لئے ریاست کی سرمایہ کاری میں وفاقی کم آمدنی والے رہائشی ٹیکس کریڈٹس شامل ہیں جن میں نیویارک سٹیٹ ہومز اور کمیونٹی کی تجدید (New York State Homes and Community Renewal) کی جانب سے ایکویٹی میں $8.5 ملین حاصل ہوئے اور سبسڈی میں $9.8 ملین حاصل ہوئے۔ ماحولیاتی تحفظ کے محکمے کے براؤن فیلڈ کلین اپ پروگرام (Department of Environmental Conservation's Brownfield Cleanup Program) کے ذریعے کامیابی سے اس مقام کی مرمت کی گئی تھی جہاں سے نتیجتاً پروجیکٹ کی تکمیل کے بعد ٹیکس کریڈٹس کی مد میں $4.7 ملین حاصل ہونے کی توقع ہے۔ اس ترقیاتی کام کو امپائر ڈویلپمنٹ کے NY بحالی پروگرام کی جانب سے $1.5 ملین ایوارڈ کیے گئے تھے اور محکمہ برائے ریاست (Department of State) نے، HCR کی جانب سے منظم کردہ ایوارڈ سمیت، اوسویگو کے اندرون شہر کی احیائے نو کے اقدام کی جانب سے، $740,000 ایوارڈ کیے تھے۔ لیویٹیکس فنڈ (Leviticus Fund) کی جانب سے اضافی سرمایہ کاری فراہم کی گئی تھی۔

اوسویگو شہر کو اندرون شہر احیائے نو اقدام کے ذریعے 2016 میں $10 ملین ایوارڈ کیے گئے تھے، جو ایک ریاستی سطح کی حکمتِ عملی ہے تاکہ مقامی معیشتوں کو ترقی دی جائے اور فعال شہری مراکز قائم کیے جائیں جہاں لوگ رہنا اور کام کرنا چاہیں۔ ہاربر ویو سکوائر ایسے متعدد اہداف کو پورا کرتا ہے جن کی نشاندہی اوسویگو کے DRI منصوبے میں کی گئی ہے، جس میں رہائش کے نئے مواقع پیدا کرنا اور اندرون شہر کی فعالیت کو بہتر بنانا، اور اوسویگو اندرون شہر کو اپنے ساحل سے جوڑنا شامل ہے۔ ریاست بھر میں DRI کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لئے، آج دن کے آغاز میں گورنر Hochul نے NY فارورڈ (NY Forward) کے لئے، جو ایک نیا پروگرام ہے جس کا مقصد چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کو ترقی دینا ہے، اور DRI کے راؤنڈ 6 کے لئے فنڈنگ کی مد میں $100 ملین کا اعلان کیا ہے۔

گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "ہاربر ویو سکوائر، اوسویگو کے پھلتے پھولتے اور دن بدن رونق افروز اندرون شہر کے لئے حقیقت میں ایک انقلابی ترقیاتی کام ہے۔ طویل مدت سے غیر آباد صنعتی جگہ کو 75 نئے گھروں اور پرچون فروش جگہ میں تبدیل کرتے ہوئے، ہم رہائشیوں کے لئے نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں کہ وہ اوسویگو میں موجود ہر چیز سے لطف اندوز ہوں۔ اوسویگو اندرون شہر کے بلندی کی جانب مائل قدموں کا انحصار اس جیسے سمارٹ ترقیاتی کاموں پر ہے جو معیاری گھر فراہم کرتے ہیں اور شہر کو رہنے کی ایک مزید متنوع، سستی، اور خوبصورت جگہ بناتے ہیں۔"

سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا، "مساوی اور سستے طریقے سے نئے اور پرکشش رہائش کے مواقع فراہم کرنے کے لئے اوسویگو کا عزم، اندرون شہر کے احیائے نو کے اس انقلابی اقدام کے پروجیکٹ میں بھرپور انداز میں عیاں ہوتا ہے۔ ہاربر ویو سکوائر سے ایک نئے پُررونق مخلوط آمدنی اور مخلوط

استعمال والے ترقیاتی کام نے ایک خستہ حال، سابقہ تعفن زدہ صنعتی عمارت کی جگہ لے لی ہے جو شہر کے خوشمنا ساحلی مقام سے بس دو ہی قدم کے فاصلے پر ہے۔ اس کی اور متعدد دوسرے پروجیکٹس کی تکمیل کے ساتھ، اوسویگو DRI نے ایک لائقِ دید، مختصر اور سیر کے لائق اندرون شہر تخلیق کر دیا ہے جو تمام آمدنیوں اور پس منظروں کے لوگوں کے کام آئے۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight، نے کہا، "گورنر کے اندرون شہر کے احیائے نو اور NY کی بحالی کے اقدامات کے ذریعے، اندرون شہر حقیقت میں فعال، مربوط گڑھ اور اپنی کمیونٹیز کا دل بنتے جا رہے ہیں۔ اس خستہ حال براؤن فیلڈ کو ایک خوبصورت ہاربر ویو سکوائر میں تبدیل کرنے سے مخلوط استعمال والی ایک سہولت گاہ وجود میں آئے گی جو اوسویگو کو ایک پیدل سیر کرنے کے قابل اندرون شہر کے تصور سے قریب تر کر دے گی جہاں لوگ رہنا، کام کرنا اور کھیلنا چاہیں گے۔"

نیویارک ریاست کے محکمہ برائے ماحولیاتی بحالی Basil Seggos نے کہا، "نیویارک کا براؤن فیلڈ کلین اپ پروگرام ایک ایسا وسیلہ ہے جس کو DEC مسلسل استعمال کر رہا ہے تاکہ ریاست بھر میں کمیونٹیز کے اندر غیر آباد املاک کی نئے سرے سے ترقی کے کام کو آگے بڑھایا جائے۔ ہاربر ویو سکوائر کی یہ ترقی، اس بات کی ایک مثال ہے کہ متروکہ غیر مستعمل املاک کو کیسے کمیونٹیز میں واپس لوٹایا جا سکتا ہے، جس سے مقامی معیشتوں کو اور اسی وقت میں ماحول کو فائدہ پہنچے۔ میں اس پروجیکٹ کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں شامل ہر فرد کو سراہتا ہوں۔"

ہاؤسنگ ویژنز کے صدر اور CEO، Ben Lockwood نے کہا، "ہاؤسنگ ویژنز کو اوسویگو کمیونٹی اور نیویارک ریاست کے ساتھ شراکت داری کرنے پر خوشی ہے۔ ہاربر ویو سکوائر نے اونٹاریو جھیل پر ایک آلودگی زدہ، متروکہ پارسل کو ایک اعلیٰ معیار کی، مخلوط آمدنی والی، مخلوط استعمال والی رہائش میں تبدیل کر دیا ہے۔ اوسویگو کے اندرون شہر کے احیائے نو کے کامیاب اقدام کا حصہ بننے پر ہمیں فخر ہے اور ہم تمام لوگوں کی خدمت کرنے میں کمیونٹی کی مسلسل ترقی اور کامیابی کے متمنی ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Patty Ritchie نے کہا، "مجھے ہاربر ویو سکوائر کی تکمیل کو دیکھتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے، جو ایک اہم کوشش ہے جس نے ایک متروکہ مقام کو اوسویگو شہر میں شامل کرنے میں مدد دی ہے اور اس کو ایک ایسی جگہ میں تبدیل کر دیا ہے جاں لوگ رہیں گے بھی، ساتھ ہی ساتھ نئی تجارتی جگہ پر خریداری کرنے کے لئے بھی آئیں گے۔ مزید یہ کہ، اندرون شہر کے احیائے نو کے اقدام کے ایک پروجیکٹ کے طور پر، یہ اوسویگو کے اندرون شہر کی نشاۃ الثانیہ کو جاری رکھنے میں مدد کرے گا، اور اس علاقے اور اونٹاریو کی خوبصورت جھیل کے ساحل کے درمیان رابطے کو مضبوط بنائے گا۔ مجھے اس بات کا مشاہدہ کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ نئے ہاربر ویو سکوائر کی وجہ سے شہر میں ایک تبدیلی آئے گی اور ریاست کا شکریہ کہ اس نے اس پروجیکٹ میں سرمایہ کاری کی ہے۔"

اسمبلی کے اقلیتی لیڈر Will Barclay نے کہا، "اپنے مرکزی محلِ وقوع اور اعلیٰ معیار کی سہولیات کی بدولت، اوسویگو شہر اور اس کے رہائشیوں دونوں کے لئے ہاربر ویو سکوائر کی تکمیل ایک عظیم الشان عنایت ہو گی۔ حقیقتاً یہ پروجیکٹ وفاقی اور ریاستی فنڈنگ کی ایک مشترکہ کاوش تھا جس میں مقامی حکام اور سٹیک ہولڈرز کا نظریہ اور مہارتیں شامل تھیں۔ میں اس جدت آمیز، کثیر الاستعمال ترقیاتی کام کو بڑھتے اور پھلتے پھولتے ہوئے دیکھنے کا منتظر ہوں جو حیرت انگیز اونٹاریو جھیل کے ساحل سے محض چند بلاکس کی مسافت پر ہے۔"

اوسویگو کے میئر William J. Barlow نے کہا، "نیو ہاربر ویو سکوائر عمارت کی تکمیل اور افتتاح کرنے پر میں ہاؤسنگ ویژنز کو داد دیتا ہوں۔ ہاؤسنگ ویژنز کے ساتھ کام کر کے خوشی محسوس ہوئی کیونکہ یہ پروجیکٹ ہمارے اندرون شہر کی احیائے نو کے کام کا ایک بنیادی جزو تھا جس کے لئے متروکہ براؤن فیلڈ مقام کو تعمیر کیا گیا اور اوسویگو مارکیٹ میں اعلیٰ معیار کے اور سستے رہائشی یونٹس کو متعارف کروایا گیا۔ کمیونٹی اس حتمی نتیجے پر بے پناہ فخر کرتی ہے اور ہمیں فخر ہے کہ نئے، اندرون شہر کے ترقیاتی کاموں کے ہمارے پورٹ فولیو میں ہاربر ویو سکوائر شامل ہے۔"

CNY رائزنگ کو آگے بڑھانا

آج کا اعلان "CNY رائزنگ" کی تکمیل کرتا ہے، جو علاقے کا جامع بلیو پرنٹ ہے تاکہ بھرپور معاشی ترقی اور کمیونٹی کی ترقی کو پروان چڑھایا جائے۔ علاقے کے اعتبار سے تشکیل دیئے گئے اس منصوبے میں عالمی مارکیٹ کے مواقع میں سرمایہ کاری کرنے، انٹرپرینیور شپ کو مضبوط بنانے اور ایک جامع معیشت قائم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ اب، علاقے میں $500 ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے ساتھ شمالی بالائی علاقے کی احیائے نو کے اقدام کے ذریعے CNY رائزنگ کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ ریاست کی $500 ملین کی سرمایہ کاری نجی کاروبار کو سہولت دے گی تاکہ $2.5 بلین سے خاصی زیادہ سرمایہ کاری کی جائے - اور علاقے کا منصوبہ، جیسے کہ جمع کروایا گیا ہے، 5,900 نئی ملازمتوں تک کا امکان ظاہر کرتا ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

اندرون شیر کی احیائے نو کے اقدام کے بارے میں

اندرون شہر کی احیائے نو کا اقدام (Downtown Revitalization Initiative, DRI)، جس کی نگرانی ریاست کا محکمہ کرتا ہے، وہ ایک غیر متوقع اور جدت آمیز "منصوبہ-پھر-عمل" کی حکمتِ عملی پیش کرتا ہے جو فوری عملدرآمد کے ساتھ حکمتِ عملی کی منصوبہ بندی سے مربوط ہے۔ اس طریقے کے نتیجے میں پررونق، جامع، پیدل سیر کے لائق اور متنوع اندرون شہر تخلیق ہوتے ہیں جو ریاست نیویارک کو COVID-19 کی عالمی وبا کے اثرات سے متاثرہ اپنی معیشت کو دوبارہ اپنے پیروں پر کھڑا کرنے میں مدد دینے والے، اس کے ساتھ ہی عوامی نقل و حمل کے استعمال کو فروغ دیتے ہوئے اور نجی گاڑیوں پر انحصار کو کم کرتے ہوئے ریاست کے بےباک ماحولیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں بھی مدد دینے والے کلیدی عناصر ہیں۔ DRI پیدل چلنے کے قابل/بائیک چلانے کے قابل کمیونٹیز بنا کر، بیرونِ خانہ تفریح کے مزید مواقع پیدا کر کے اور تازہ، مقامی، غذائیت بخش خوراک تک رسائی کو بڑھا کر تمام پالیسیوں/ عمروں کے لئے سازگار ریاستی صحت کے NY اقدام کی معاونت بھی کرتا ہے۔

2016 میں اس کے قیام کے بعد سے، DRI نے 59 اندرون شہر کے علاقوں میں پروجیکٹس پر $600 ملین کی ذمہ داری ادا کی ہے جو اب احیائے نو کے لئے ثمرآور ہو چکے ہیں اور ان میں اتنی توانائی موجود ہے کہ نئے ترقیاتی کام، کاروبار، ملازمتوں کی تشکیل کاری، معاشی موقعے اور رہائش کے تنوع کے لئے رغبت پیدا کر سکیں۔ شرکت کرنے والی کمیونٹیز کو ریاست کی 10 علاقائی ترقیاتی کاؤنسلز کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے جس کی بنیاد اندرون شہر کے تبدیلی کے امکان پر ہے۔ ہر کمیونٹی کو $10 ملین ایوارڈ کیے جائیں گے تاکہ اندرون شہر کی حکمتِ عملی سے کی گئی سرمایہ کاری کے منصوبے کو فروغ دیا جائے اور اہم فعال پروجیکٹس کو روبہ عمل لایا جائے جو احیائے نو اور اضافی نجی اور سرکاری سرمایہ کاری کی استطاعت کے لئے کمیونٹی کے تصور کو آگے لے کر جائیں۔ DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418